26-01-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

------------------------------------------------------------

1- ملک آج 76 واں یوم جمہوریہ منا رہاہے۔ قومی راجدھانی میں کرتویہ پتھ پر یوم جمہوریہ پریڈ میں بھارت کی فوجی طاقت اور مالامال ثقافتی ورثے کو اجاگر کیا جائے گا۔

2- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ”ایک ملک، ایک انتخاب“ کا منصوبہ حکمرانی میں استقامت کو فروغ دے گا، پالیسی کے مفلوج ہونے کو روکے گا اور مالی بوجھ کو کم کرے گا۔

3- اِس سال کے پدم ایوارڈز کے لئے 139 غیر معمولی شخصیات کا انتخاب کیا گیا ہے۔ سشیل مودی، شاردا سنہا، جسٹس جے ایس کھیہر، ایل سبرامانیم، اوسامو سوزوکی اور پی آر شری جیش، اہم پدم ایوارڈز یافتگان میں شامل ہیں۔

4- مرکز نے سرکاری ملازمین کیلئے یکساں پنشن اسکیم کو نوٹیفائی کیا ہے۔

5- اور کرکٹ میں،

پانچ T20 بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے دوسرے میچ میں بھارت نے انگلینڈ کو دو وکٹ سے ہرایا۔ بھارت نے سیریز میں دو-صفر کی سبقت حاصل کرلی ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Republic Day Parade

ملک آج 76 واں یوم جمہوریہ منا رہا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نئی دلی میں کرتویہ پتھ سے یومِ جمہوریہ کا جشن منانے میں قوم کی قیادت کریں گی۔ یوم جمہوریہ کی پریڈ صبح ساڑھے دس بجے شروع ہوگی اور تقریباً 90 منٹ تک جاری رہے گی۔

کرتویہ پتھ پر ہماری نامہ نگار دویندر ترپاٹھی موجود ہیں۔ آئیے ان سے جانتے ہیں کہ کرتوریہ پتھ پر کیسا نظارہ ہے۔

VC- Neelam Malkaniya

Prez R Day Address

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ میں پیش کردہ "ایک ملک، ایک انتخاب بل، بہتر حکمرانی کی اصطلاح کو از سر نو متعین کرنے کا وعدہ کرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ "ایک ملک، ایک انتخاب" کا منصوبہ، حکمرانی میں استقامت کو فروغ دے سکتا ہے، پالیسی کے مفلوج ہونے کی روک تھام کرسکتا ہے، وسائل کی تقسیم میں تخفیف کرسکتا ہے اور مالی بوجھ میں کمی لاسکتا ہے۔

SB- Final President ONOE

یومِ جمہوریہ کے موقعے پر قوم سے اپنے خطاب میں صدر جمہوریہ مرمو نے اجاگر کیا کہ تعزیرات ہند، فوجداری ضابطے کے طریقہئ کار اور شواہد سے متعلق بھارتی قانون کی جگہ بھارتیہ نیائے سنہتا، بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا اور بھارتیہ سرکشا ادھینیم کو لانے کا فیصلہ اِس طرح کی کوششوں میں سب سے زیادہ قابل ذکر ہے۔

SB- Final President New Law

صدر جمہوریہ نے اجاگر کیا کہ آئین ساز اسمبلی میں ملک کے تمام علاقوں اور تمام طبقات کے نمائندے موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ آئین ساز اسمبلی میں سروجنی نائیڈو، راجکماری امرت کور، سوچیتا کِرپلانی، Hansaben Mehta اور مالتی چودھری جیسی اہم شخصیات سمیت 15 خواتین تھیں۔

SB- President Murmu Women

محترمہ مرمو نے کہا کہ یوم جمہوریہ تمام شہریوں کیلئے اجتماعی خوشی اور فخر کا معاملہ ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ گزشتہ 75 سال کے دوران، بھارت نے اقوام عالم میں اپنا صحیح مقام دوبارہ حاصل کرنے کی کوشش کی اور یہ سفر جاری ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ انصاف، آزادی، مساوات اور بھائی چارہ ہمیشہ بھارت کی تہذیبی وراثت کا حصہ رہے ہیں۔x

Prez Subianto

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کَل راشٹرپتی بھون میں انڈونیشیا کے اپنے ہم منصب Prabowo Subiantoکا استقبال کیا۔ محترمہ مرمو نے اُن کے اعزاز میں ایک ضیافت کی بھی میزبانی کی۔ بھارت کے پہلے سرکاری دورے پر صدر Subianto کا خیر مقدم کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت اور انڈونیشیا کے درمیان صدیوں پرانے تہذیبی تعلقات ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تکثیریت، شمولیت اور قانون کی حکمرانی کی اقدار مشترک ہیں۔ اِن مشترکہ قدروں نے ہمارے موجودہ تعلقات کو سمت فراہم کی ہے۔ صدر جمہوریہ نے مہمان خصوصی کے طور پر یوم جمہوریہ تقریبات میں شرکت کی دعوت قبول کرنے پر جناب Subianto کا شکریہ ادا کیا۔x

Speaker  R Day

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے 76 ویں یوم جمہوریہ کے موقع پر قوم کو مبارکباد پیش کی ہے۔

اپنے پیغام میں جناب برلا نے کہاکہ اپنے 75 سال کے شاندار سفر میں بھارت مضبوط اور مزید خوشحال ہوا ہے۔ انہوں نے کہاکہ بھارت نے زراعت سے کھیلوں تک اور زمین سے خلاء تک کئی قابل ذکر کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ جناب برلا نے مزید کہاکہ ملک کے ہر شہری کو

جمہوری عمل میں اپنی شرکت بڑھانے کا عہد کرنا چاہیے۔ لوک سبھا اسپیکر نے اُن عظیم شخصیات کو بھی یاد کیا جنہوں نے ملک کی آزادی کے حصول اور آئین سازی میں کردار ادا کیا۔x

## Padma Awards

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سال 2025 کیلئے 139 پدم ایوارڈز عطا کئے جانے کی منظوری دی ہے۔ پدم ایوارڈز کی فہرست میں 7 پدم وبھوشن، 19 پدم بھوشن اور 113 پدم شری ایورڈز شامل ہیں۔ اِن ایوارڈ یافتگان میں 23 خواتین بھی ہیں۔ اِس فہرست میں غیر ملکیوں / NRI / پی آئی او / او سی آئی کے زمرے سے 10 افراد اور 13 بعد از مرگ ایوارڈ یافتگان ہیں۔ بھارتی مصنف اور ادیبMT Vasudevan Nair ، سوزوکی موٹر کارپوریشن کے سابق چیئرمین Osamu Suzuki اور گلوکارہ شاردا سنہا کو بعد از مرگ پدم وبھوشن سے نوازا گیا ہے۔ گلوکار پنکج اداس اور ماہر اقتصادیات وویک دیو رائے کو بعد از مرگ پدم بھوشن سے سرفراز کیا گیا ہے۔

ہاکی کھلاڑی پی آر شری جیش کو بھی پدم بھوشن ایوارڈ عطا کیا گیا ہے۔ کرکٹ کھلاڑی آر اشون اور فٹبال کھلاڑی IM Vijayan کو پدم شری ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ پدم وبھوشن ایوارڈ کسی بھی شعبے میں غیر معمولی اور ممتاز خدمات کیلئے جبکہ پدم بھوشن ایوارڈ اعلیٰ قسم کی ممتاز خدمات اور پدم شری ایوارڈ ممتاز خدمات کیلئے عطا کیا جاتا ہے۔

## PM Padma Awardees

وزیر اعظم نریندر مودی نے پدم ایوارڈز یافتگان کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت کو ان کی غیر معمولی کامیابیوں کو اعزاز عطا کرنے اور جشن منانے پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی لگن اور استقامت واقعی حوصلہ افزا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہر ایوارڈ یافتہ شخص محنت، جذبہ اور جدت طرازی کا مترادف ہے جس نے بے شمار لوگوں کی زندگی پر مثبت اثر ڈالا ہے۔x

Rev. President Gallantry

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 76 ویں یومِ جمہوریہ کے موقع پر مسلح افواج اور مرکزی مسلح پولیس دستوں کے 93 اہلکاروں کو بہادری کے ایوارڈس کی منظوری دی ہے، جن میں سے گیارہ بعد از مرگ عطا کیے جائیں گے۔ بہادری کے اِن ایوارڈس میں ایک بعد از مرگ سمیت 2 کیرتی چکر، تین بعد از مرگ سمیت 14 شوریہ چکر، ایک Bar to Sna میڈل، 7 بعد از مرگ سمیت 66 سینا میڈل، 2 نو سینا میڈل اور 8 وایو سینا میڈل شامل ہیں۔ میجر منجیت اور نائک دلاور خان کو بعد از مرگ، کیرتی چکر سے سرفراز کیا گیا ہے۔ کیرتی چکر، میدانِ جنگ کے علاوہ دلیری، شجاعت کا مظاہرہ کرنے یا اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے کیلئے عطا کیا جاتا ہے۔

صدر جمہوریہ نے مسلح افواج اور دیگر اہلکاروں کیلئے 305 دفاعی میڈلس کی بھی منظوری دی ہے۔

اِن میں 30 پَرم وششٹ سیوا میڈل، 5 اُتم یودھ سیوا میڈل، 57 اَتی وششٹ سیوا میڈل، 10 یودھ سیوا میڈل، 43 سینا میڈل، 8 نوسینا میڈل، 15 وایو سینا میڈل، ایک Bar to Sena میڈل، چار Bar to Vishisht سیوا میڈل اور 132 وششٹ سیوا میڈل شامل ہیں۔ x

Prez Tatrakshak Medal

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 76 ویں یوم جمہوریہ کے موقع پر بھارتی ساحلی محافظ دستے کے اہلکاروں کے لئے صدر کے تٹ رکشک میڈل کی منظوری دی ہے۔ یہ ایوارڈز ان کی نمایاں بہادری، اپنے فرض کے تئیں غیر معمولی لگن، اور ممتاز و غیر معمولی خدمات کا اعتراف ہیں۔ صدر جمہوریہ نے مسلح افواج کے اہلکاروں کیلئے 58 مینشنڈ اِن ڈسپیچز کی بھی منظوری دی، جن میں چار بعد از مرگ شامل ہیں۔ ان میں بھارتی فوج کے 55 اہلکار شامل ہیں۔ 14 اہلکاروں کو آپریشن رکشک کے لیے ایوارڈز عطا کئے گئے ہیں جن میں 4 بعد از مرگ شامل ہیں۔ 8 اہلکاروں کو آپریشن اسنو لیپارڈ کیلئے، 6 اہلکاروں کو آپریشن حفاظت اور دو اہلکاروں کو آپریشن سہایتا کے لئے اعزازات عطا کئے گئے ہیں۔

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Centre UPS

مرکز نے کسان پنشن اسکیم، UPS کے نفاذ کو سرکاری طور پر نوٹیفائی کردیا ہے۔

حکومت نے گزشتہ سال اگست کے مہینے میں مرکزی حکومت کے ملازمین کیلئے قومی پنشن نظام NPS کے ایک متبادل کے طور پر یکساں پنشن اسکیم کو متعارف کرایا تھا۔ اس سے متعلق اسکیم، رواں سال کے ایک اپریل سے نافذہوگی۔

کَل جاری کیے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق یکساں پنشن اسکیم کا اطلاق مرکزی حکومت کے اُن ملازمین پر ہوگا جو قومی پنشن نظام کے تحت آتے ہیں اور جو اِسے NPS میں ایک متبادل کے طور پر چنیں گے۔

مرکزی حکومت کے موجودہ یا مستقبل کے ملازمین کو اختیار ہوگا کہ وہ NPS کو UPS کے ساتھ یا اس کے بغیر بھی جاری رکھ سکتے ہیں۔x

Telamgana Welfare Scheme

مرکز نے کسان پنشن اسکیم، UPS کے نفاذ کو سرکاری طور پر نوٹیفائی کردیا ہے۔

حکومت نے گزشتہ سال اگست کے مہینے میں مرکزی حکومت کے ملازمین کیلئے قومی پنشن نظام NPS کے ایک متبادل کے طور پر یکساں پنشن اسکیم کو متعارف کرایا تھا۔ اس سے متعلق اسکیم، رواں سال کے ایک اپریل سے نافذہوگی۔

کَل جاری کیے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق یکساں پنشن اسکیم کا اطلاق مرکزی حکومت کے اُن ملازمین پر ہوگا جو قومی پنشن نظام کے تحت آتے ہیں اور جو اِسے NPS میں ایک متبادل کے طور پر چنیں گے۔

مرکزی حکومت کے موجودہ یا مستقبل کے ملازمین کو اختیار ہوگا کہ وہ NPS کو UPS کے ساتھ یا اس کے بغیر بھی جاری رکھ سکتے ہیں۔x

Constituency Profile Malviya Nagar

70 رکنی دلّی اسمبلی کیلئے پولنگ اگلے مہینے کی پانچ تاریخ کو ہوگی۔ آئندہ ہونے والے دلّی اسمبلی انتخابات کے پیش نظر آکاشوانی آپ کیلئے ایک خصوصی سیریز لے کر آیا ہے۔ آج ہم مالویا نگر اسمبلی حلقے کے سلسلے میں بات کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Saklen

آئندہ ہونے والے اسمبلی انتخابات میں مالویا نگر اسمبلی سیٹ شہر کا ایک ہائی پروفائل حلقہ ہے۔ دلّی کے سابق وزیر اور عام آدمی پارٹی کے سینئر لیڈر سومناتھ بھارتی نے پچھلے تین انتخابات میں اس سیٹ پر جیت درج کی ہے۔ پچھلے اسمبلی انتخابات میں انہوں نے بی جے پی کے شیلندر سنگھ کو 18 ہزار ووٹوں کے بڑے فرق سے ہرایا تھا۔ اس بار عام آدمی پارٹی نے پھر سے جناب بھارتی کو اسی سیٹ سے سیاسی میدان میں اتارا ہے لیکن اس بار یہ مقابلہ آسان نہیں ہوگا کیونکہ اس مرتبہ بی جے پی نے اس سیٹ سے پارٹی کے سابق ریاستی صدر ستیش اپادھیائے کو کھڑا کیا ہے۔ اس مقابلے کو سہ طرفہ بناتے ہوئے کانگریس نے اس سیٹ سے جتیندر کمار کوچر کو ٹکٹ دیا ہے۔

ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ ووٹروں کی مختلف آبادی والے اس حلقے میں کسی کاسٹ یا کمیونٹی کا غلبہ نہیں ہے۔ اس بار اس حلقے میں سڑکوں پر پانی بھرنا، پارکنگ اور صفائی ستھرائی کے علاقائی مسائل ہیں۔ یہ دیکھنا دلچسپ ہوگا کہ اس بار سومناتھ بھارتی چوتھی مرتبہ منتخب ہوتے ہیں یا پھر مالویا نگر کے عوام کسی قسم کی تبدیلی کا انتخابات کرتے ہیں۔

دلّی سے ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

Maha Kumbh Republic Day

یوم جمہوریہ کے موقع پر آج مہاکمبھ میں عقیدتمند اور سیاح ایک شاندار ثقافتی پروگرام کا حصہ بنیں گے۔ یہ پروگرام Ganga Pavilion میں منعقد ہوگا۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ عقیدتمند روحانیت، بھارتی ثقافت اور حب الوطنی کے جذبے سے سرشارہوں گے۔

V/C Dipenddra/ Aman

آج مہاکمبھ کے سبھی چار Pavilion گنگا، یمنا، سرسوتی اور تریوینی میں مختلف پروگراموں کا انعقاد کیاجائے گا۔ اترپردیش کے محکمہئ ثقافت کی جانب سے منعقدہ پروگرام میں کلاسیکی اور سیمی-کلاسیکی Performance پیش کی جائیں گی، جس سے شائقین کو ایک طرف روحانیت کا احساس کرایا جائے گا تو دوسری طرف اترپردیش کی Faruwahi، Birha اور Alha جیسی دیہی ثقافت سے متعلق Performance پیش کی جائیں گی۔ اس کے علاوہ Kuchipudi، Bharatanatyam، کتھک سمیت دیگر کلاسیکی موسیقی اور رقص کی پیشکش بھی ہوں گی۔

شام کو عقیدتمند Drone Show دیکھ سکیں گے۔ پریاگ راج میں جاری مہاکمبھ میں اب تک گیارہ کروڑ عقیدتمند Triveni Sangam پر ڈبکی لگاچکے ہیں۔

پریاگ راج سے دیپندر کمار اور امن یادو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں....

Cricket Mens

چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں کل رات مردوں کی بھارتی کرکٹ ٹیم نے دوسرے ٹی-20 میچ میں انگلینڈ کو دو وکٹ سے ہرادیا۔ 166 رنز کے نشانے کا تعاقب کرتے ہوئے بھارتی ٹیم نے آٹھ وکٹ پر 19 اوور اور دو گیندوں میں میچ جیت لیا۔

بھارتی ٹیم کی طرف سے تلک ورما نے 55 گیندوں میں 72 رنز بنائے وہیں واشنگٹن سندر نے 19 گیندوں میں 26 رن بنائے۔ تلک ورما کو ان کی شاندار کارکردگی کیلئے پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

اس جیت کے ساتھ بھارتی ٹیم کو پانچ میچوں کی سیریز میں صفر کے مقابلے دو کی سبقت حاصل ہے۔ اس ٹی-20 سیریز کا تیسرا میچ 28 جنوری کو گجرات کے راجکوٹ شہر میں کھیلا جائے گا۔ x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیر الدین رضوی

شکریہ - آسیہ میمونہ

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے یوم جمہوریہ سے متعلق خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے یوم جمہوریہ تقریبات کے مہمان خصوصی، انڈونیشیا کے صدر پرابوو سوبیانتو اور وزیراعظم نریندر مودی کے درمیان کل ہوئی ملاقات کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ اس دوران دونوں ممالک کے درمیان کئی معاہدے طے پائے۔

روزنامہ پرتاپ نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے اُس بیان کو صفحہ اول کی شہ سرخی بنایا ہے جس میں انہوں نے کہاہے کہ انصاف، آزادی، مساوات اور بھائی چارہ ہماری وراثت کا حصہ ہیں۔ صدر جمہوریہ نے یوم جمہوریہ کے موقع پر قوم کے نام اپنے خطاب میں یہ بات کہی۔

روزنامہ انقلاب نے 76 ویں یوم جمہوریہ تقریبات کیلئے آج قومی راجدھانی دلّی میں سخت حفاظتی انتظامات کی خبر کو صفحۂ اول کی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار کے مطابق یوم جمہوریہ پریڈ میں ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کی جھانکیاں بھی پیش کی جائیں گی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے اسرائیل اور حماس کے درمیان قیدیوں کے تبادلے، امریکہ کے کیلیفورنیا میں دوبارہ لگی جنگل کی آگ اور امریکہ سے سیکڑوں غیر قانونی تارکین وطن کو ملک بدر کیے جانے جیسی بین الاقوامی خبروں کو نمایاں طور پر شائع کیاہے۔

وہیں اخبار نے بھارتی عازمین حج کیلئے حج 2025 کی دوسری قسط جمع کرانے کی تاریخ میں 31 جنوری تک ہوئی توسیع کی خبر کو بھی خصوصی طور پر جگہ دی ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- ملک آج 76 واں یوم جمہوریہ منا رہاہے۔ قومی راجدھانی میں کرتویہ پتھ پر یوم جمہوریہ پریڈ میں بھارت کی فوجی طاقت اور مالامال ثقافتی ورثے کو اجاگر کیا جائے گا۔

2- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ”ایک ملک، ایک انتخاب“ کا منصوبہ حکمرانی میں استقامت کو فروغ دے گا، پالیسی کے مفلوج ہونے کو روکے گا اور مالی بوجھ کو کم کرے گا۔

3- اِس سال کے پدم ایوارڈز کے لئے 139 غیر معمولی شخصیات کا انتخاب کیا گیا ہے۔ سشیل مودی، شاردا سنہا، جسٹس جے ایس کھیہر، ایل سبرامانیم، اوسامو سوزوکی اور پی آر شری جیش، اہم پدم ایوارڈز یافتگان میں شامل ہیں۔

4- مرکز نے سرکاری ملازمین کیلئے یکساں پنشن اسکیم کو نوٹیفائی کیا ہے۔

5- اور کرکٹ میں،

پانچ T20 بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے دوسرے میچ میں بھارت نے انگلینڈ کو دو وکٹ سے ہرایا۔ بھارت نے سیریز میں دو-صفر کی سبقت حاصل کرلی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

--------------------------------------